87

8

2816

# سلیم احمد

## (کتابیات)

ڈاکٹر مشرف احمد

مقتدرہ قومی زبان ۰ اسلام آباد

۱۹۸۹ء

Marfat.com

Marfat.com

# سلیم احمد

## (کتابیات)

2616

ڈاکٹر مشرف احمد

ذخیرہ

مقتدرہ قومی زبان ۰ اسلام آباد

۱۹۸۹ء

Marfat.com

پمفلٹ نمبر ۹۴

60778

طبع اوّل ـــــــ ۱۹۸۹ء

فنی تدوین ـــــــ ڈاکٹر انعام الحق جاوید

طابع ـــــــ آغا جی پرنٹرز اسلام آباد۔

ناشر ـــــــ ڈاکٹر جمیل جالبی

(صدر نشین)

مقتدرہ قومی زبان ۱۶۔ ڈی (مغربی)

بلیو ایریا، ایف ۶/۱، اسلام آباد۔

# پیش لفظ

مقتدرہ قومی زبان کی طرف سے اُردو زبان و ادب سے متعلق مختلف موضوعات پر جو پمفلٹ شائع کیے جا رہے ہیں ان میں سے ایک سلسلہ "مشاہیرِ اُردو" سے تعلق رکھتا ہے جس کے تحت اُردو کے معروف قلم کاروں کے بارے میں جملہ معلومات کو جدید تحقیقی انداز میں اختصار کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے تاکہ وہ دانشور جنھوں نے اپنی ساری زندگی اُردو زبان و ادب کی خدمت کے لیے وقف کیے رکھی ان کی علمی و ادبی خدمات کی تفصیلات یکجا ہو جائیں اور زبان و ادب کے طلبا، عام قارئین اور آئندہ کام کرنے والے محققین اس سے استفادہ کر سکیں۔

زیرِ نظر کتابچہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جس میں عہدِ حاضر کے ایک نامور ادیب جناب سلیم احمد کی علمی و ادبی خدمات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ سلیم احمد ایک ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے اور شاعری، تنقید اور ڈرامے کے علاوہ کئی دیگر اصناف پر بھی مکمل دسترس رکھتے تھے۔

کوشش کی گئی ہے کہ ایسے تمام پمفلٹوں میں عنوانات اور ذیلی سرخیوں کی ترتیب یکساں رہے تاکہ پڑھنے والوں کو معلومات اخذ کرتے وقت دقت نہ ہو۔

امید ہے کہ یہ کتابچہ اہلِ علم کے لیے مفید ثابت ہوگا۔

ـــــــــ ڈاکٹر جمیل جالبی

Marfat.com

Marfat.com

## مختصر سوانحی خاکہ

اصل نام : سید سلیم احمد

قلمی نام : سلیم احمد تہنر ابتدائی دور میں ، اس کے بعد صرف سلیم احمد کے نام سے لکھتے رہے
قیام پاکستان کے ابتدائی دنوں میں ان کی کچھ مطبوعہ غزلوں اور قطعات پر "سلیم احمد سلیم" تحریر نظر آتا ہے لیکن سلیم احمد نے اس انداز میں اپنے نام کو کبھی خود لکھنا گوارا نہ کیا۔

انظار احمد کے قلمی نام سے ہفت روزہ زندگی میں لاہور کے ایک دو شماروں میں کالم لکھے۔

اسرافیل کے قلمی نام سے روزنامہ جسارت کراچی میں خاصی مدت تک روزانہ قطعات تحریر کیے۔

تاریخ پیدائش : ۲۷ر نومبر ۱۹۲۷ء کھیولی ضلع بارہ بنکی (اودھ) ہندوستان

تاریخ وفات : یکم ستمبر ۱۹۸۳ء کراچی (۳۰ر اگست اور یکم ستمبر کی درمیانی شب کسی وقت انتقال کیا)

تعلیم

۱۔ سینٹ ٹیل چرچ مشن اسکول، لکھنؤ

۲۔ شکلا ہائی اسکول، لکھنؤ

۳۔ پرائمری اسکول قصبہ متی (آبائی قصبے کھیولی کے نزدیک تھا)

۴۔ مڈل اسکول، قصبہ کرسی

۵۔ ہائی اسکول، قصبہ پلکھوا

۶۔ فیض عام انٹر کالج، لکھنؤ (میٹرک)

۷۔ میرٹھ کالج میرٹھ (انٹرمیڈیٹ نامکمل)

۸۔ اسلامیہ کالج کراچی (انٹرمیڈیٹ نامکمل)

Marfat.com

ملازمت : رائس کارپوریشن محکمہ خوراک بہ حیثیت کلرک۔

ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن، بہ حیثیت کیشئر

اسی زمانے میں نذیر صوفی کے مشہور پکٹوریل رسالے مصوّر اور سیارہ میں بطور معاون ایڈیٹر کام کیا یہ جز وقتی ملازمت تھی۔

۱۹۵۳ء میں ریڈیو پاکستان کراچی سے بہ حیثیت اسکرپٹ رائٹر وابستہ ہوئے اُن کی بنیادی ذمے داری نیشنل ہک اپ پروگرام کے اسکرپٹ لکھنا تھی اس سیکشن کے انچارج مولانا چراغ حسن حسرت تھے۔

ایڈوائزر محمود اعظم فاروقی وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مقرر ہوئے تو سلیم احمد کو ۱۹۷۸ء میں مذکورہ وزارت کا ایڈوائزر مقرر کیا گیا وہ اس منصب پر چھ ماہ فائز رہے۔

ادارت : رسالہ مصوّر و رسالہ سیارہ کراچی

رسالہ" ماہ نیم ماہ" سلیم احمد کا ذاتی ادبی پرچہ ۱۹۴۸ء میں شائع ہونا شروع ہوا اس کے کل دو شمارے شائع ہو سکے۔

اعزازات : ہائی اسکول لکھنؤ میں دوران تعلیم ڈرامہ مہابھارت میں اُرجن اور گاروشی کا بہترین کردار ادا کرنے پر بہترین آرٹسٹ کی شیلڈ دی گئی۔

پاکستان کی پہلی جاسوسی فلم "راز" کی کہانی، مکالمے وغیرہ لکھنے پر نگار ایوارڈ ملا اس فلم کے ڈائرکٹر ہمایوں مرزا تھے۔

• اکائی "(شعری مجموعہ) پر اکادمی ادبیات پاکستان کا جاری کردہ "بہترین شاعری" کا انعام ملا۔ سلیم احمد نے بطور شاعر، نقاد، کالم نویس، ڈرامہ نویس کے شہرت پائی

سلیم احمد کے پردادا دربار اودھ سے وابستہ رہ چکے تھے ان کی کچھ سکنی جائداد لکھنؤ میں تھی لہٰذا ان کے اہل خاندان کا لکھنؤ آنا جانا رہتا تھا بعد ازاں سلیم احمد کے دادا سید عباس علی کی اولاد نے بیسویں صدی کے اوائل میں لکھنؤ میں رہائش اختیار کرلی۔ سید عباس علی شاعری کا اچھا ذوق رکھتے تھے اور جلال لکھنوی کے شاگرد تھے ان کا تخلص ہنر تھا۔ سلیم احمد نے ابتدا میں اپنے دادا کی یاد میں ہنر تخلص اپنایا تھا۔

Marfat.com

سید عباس علی کے چھ لڑکے تھے جن میں سے دو لکھنؤ کے مشہور طبیب تھے اور دوسرے لڑکے بھی لکھنؤ میں باعزت روزگار سے وابستہ تھے عباس علی کے سب سے چھوٹے بیٹے کا نام سید شرافت علی تھا یہی سلیم احمد کے والد تھے۔ سلیم احمد کے والد سے بڑے بھائی لکھنؤ کے ایک اسکول میں مدرس تھے۔ اُن کا نام سید لیاقت علی تھا یہ مولانا اشرف علی تھانوی کے مرید تھے ان کے پاس دینی، علمی اور تاریخی موضوعات پر بہت سی کتابیں ہیں۔ بعض اوقات وہ سلیم احمد سے اپنے پسندیدہ موضوعات پر کتابیں پڑھوا کر سُنا کرتے تھے۔ اس مطالعے نے سلیم احمد کے ذہن پر گہرے اثرات مرتّب کیے۔

۱۹۳۶ء میں جب کہ سلیم احمد کی عمر صرف نو برس تھی ان کے والد نے انتقال کیا۔ سلیم احمد اس وقت لکھنؤ میں ابتدائی جماعتوں میں زیرِ تعلیم تھے اُن کے تایا سید لطافت علی نے انہیں تعلیم کے لیے لکھنؤ بلا لیا جہاں وہ سینٹے نیئل CENTENIAL چرچ مشن اسکول اور اپنے مذکورہ چچا کے انتقال کے بعد تسکلا اسکول میں داخل ہوئے مگر ایک ڈیڑھ برس تک لکھنؤ میں رہنے کے بعد جب سید لطافت علی کا انتقال ہو گیا تو سلیم احمد واپس اپنے گاؤں کھیولی میں آگئے۔

گھر کے سرپرست کے انتقال کے بعد اس خاندان کو معاشی مجبوریوں نے گھیر لیا چنانچہ سلیم احمد بعد ازاں کرسی نامی مقام کے ایک اسکول میں اور مڈل کرنے کے بعد اپنی خالہ کے پاس پلکھوا نامی قصبے کے ایک اسکول میں داخل ہو گئے پھر یہاں سے فیض عام انٹر کالج میرٹھ اور بعد ازاں میرٹھ کالج وغیرہ میں زیرِ تعلیم رہے۔

میرٹھ کے قریب پلکھوا نامی قصبے میں ان کی والدہ کی بڑی بہن قیام پذیر تھیں جنھیں ان کی بہنوں کی اولاد امی جان کہا کرتی تھی یہ صاحبِ ذوق خاتون تھیں ان کے گھر میں اس زمانے کے سارے مقتدر ادبی جرائد (عصمت، ساقی، عالمگیر، ہمایوں اور پھول وغیرہ) آیا کرتے تھے سلیم احمد کو ان رسائل کے مطالعے کا موقع مِلا۔

کم و بیش اسی زمانے میں انہوں نے شاعری کا آغاز کیا۔ ایک مثنوی، رومانی انداز کی ہلکی پھلکی غزلیں اور چند قطعات تحریر کیے۔

۱۹۴۳ء میں سلیم احمد نے فیض عام انٹر کالج میں پلکھوا کی اُدھوری آٹھویں چھوڑنے کی وجہ سے اسی جماعت میں داخلہ لیا۔ ۱۹۴۵ء میں میٹرک پاس کیا اور ۱۹۴۶ء میں میرٹھ کالج

Marfat.com

ہیں سالِ اوّل میں داخل ہوئے ۱۹۴۷ء میں وہ اس کالج میں سیکنڈ ائیر میں زیرِ تعلیم تھے کہ ہندوستان آزاد ہوا اور پاکستان کا قیام عمل میں آیا۔

اپنی تعلیم ادھوری چھوڑ کر انہوں نے ہجرت کی اور لاہور پہنچے جہاں ایک رات قیام کر کے ۱۰ نومبر ۱۹۴۷ء کو کراچی پہنچے اسی سال انہوں نے اسلامیہ کالج کراچی میں داخلہ لیا۔ ابھی وہ سیکنڈ ائیر کے امتحان کی تیاری ہی کر رہے تھے کہ ان کی والدہ اور ہمشیرہ کراچی آگئے چنانچہ سلیم احمد کو تعلیم کو خیر باد کہہ کر ملازمت کرنا پڑی۔

ابتدائی دور کی تحقیق کاوشوں کو چھوڑ کر میرٹھ کالج کی زندگی کو سلیم احمد کی بھرپور ادبی زندگی کی جانب اوّلین قدم قرار دیا جا سکتا ہے اس وقت تک وہ جدید ادب کا گہرا مطالعہ کر چکے تھے نئے ادبی نظریات اور اظہار کے سانچوں سے آگاہی حاصل کر چکے تھے۔

اس دور میں انہوں نے غزل کی بجائے نظم گوئی کی جانب توجہ دی اور پابند و آزاد نظمیں لکھیں اس زمانے میں ان کی شاعری پر علامہ اقبال کی شاعری کے گہرے اثرات ہیں وہ ان کی شاعری کا تقلیدی دور کہا جا سکتا ہے۔ اس زمانے میں سلیم احمد کو اقبال کا سارا اُردو کلام زبانی یاد تھا۔

میرٹھ کالج کے زمانۂ تعلیم میں اُن پر اپنے اُستاد پروفیسر ندمی صدیقی کا اثر بہت تھا جو علامہ اقبال کے عاشق و شیدا تھے سلیم احمد کو اقبال کے مطالعے کی جانب اُن کے استاد نے ہی رغبت دلائی تھی زمانۂ طالب علمی میں ہی سلیم احمد کے ذہن و دل پر گہری عقیدت کا جو نقش بیٹھ گیا وہ تمام عمر اسی طرح قائم رہا۔

اقبال سے اُن کے عشق کے سلسلے میں یہ وضاحت بھی ضروری معلوم ہوتی ہے کہ وہ اقبال کے روایتی عشاق میں سے نہ تھے بلکہ اقبال کے بارے میں اپنی ایک منفرد رائے رکھتے تھے ان کی کتاب "اقبال ایک شاعر" ایک متنازعہ کتاب ثابت ہوئی ان پر اعتراضات بھی ہوئے۔ سلیم احمد نے اپنی مذکورہ کتاب کے دوسرے ایڈیشن میں کچھ وضاحتیں کیں اور حواشی بھی تحریر کیے۔ اقبال سے ان کی گہری وابستگی اور عقیدت کا اندازہ شاید "اقبال ایک شاعر اختتامیہ" سے ہو سکتا ہے۔

میرٹھ میں سلیم احمد کے تعلقات پروفیسر کرار حسین، پروفیسر محمد حسن عسکری، انتظار حسین اور ڈاکٹر جمیل جالبی سے استوار ہوئے اور یہ مخلصانہ تعلقات تا دمِ زیست قائم رہے۔ ۴۷-۱۹۴۶ء میں سلیم احمد محمد حسن عسکری کے بہت زیادہ قریب آگئے۔

Marfat.com

۴۹-۱۹۴۸ء میں پاکستان چوک کراچی میں اردو مرکز کے نام سے ایک انجمن قائم ہوئی اس زمانے میں ایک اور ادبی مرکز انجمن ترقی پسند مصنفین کے تنقیدی اجلاس تھے سلیم احمد دونوں جگہوں پر پابندی سے جایا کرتے تھے ان تنقیدی محفلوں میں سلیم احمد نے اپنی ذہانت، استدلالی قوت اور مطالعے کا جلدہی لوہا منوا لیا۔ اُردو مرکز کراچی کے ایک تنقیدی اجلاس میں انہوں نے اپنا پہلا تنقیدی مضمون "ادب زندگی میں" پڑھا۔ اس اجلاس کی صدارت ذوالفقار علی بخاری مرحوم نے کی تھی۔ بخاری مرحوم سلیم احمد کو پہلے بھی اجلاسوں میں گفتگو کرتے ہوئے سُن چکے تھے۔ اس مضمون کو سننے کے بعد انہوں نے سلیم احمد کو کراچی ریڈیو اسٹیشن پر اسکرپٹ رائٹر کے منصب کی پیشکش کی اور یوں سلیم احمد کا تعلق ریڈیو پاکستان سے قائم ہوا جو تادم زیست برقرار رہا۔ ریڈیو کے کارپوریشن بن جانے کے بعد وہ سینئر پروڈیوسر بنا دیے گئے تھے۔

ان کا مذکورہ بالا مضمون بعد میں ممتاز شیریں اور حمد شاہین کے "نیا دور" کراچی میں شائع ہوا اس کے بعد سے سلیم احمد ایک نقاد کی حیثیت سے بھی نمایاں ہوتے چلے گئے" ان کی تنقیدیں، تنقید کے روایتی انداز کی نہیں ہوتیں اور نہ ہی وہ تنقید میں کسی کے ساتھ کوئی رو رعایت برتتے تھے وہ تنقید میں بے باک، مدلّل انداز اور سخت جارحانہ فقرے استعمال کرتے تھے ان کے مضامین کے عنوانات بھی چونکا دینے کی حد تک منفرد ہوتے تھے۔ ۱۹۶۲ء میں "نئی نظم اور پورا آدمی" کے عنوان سے تنقیدی مقالے نے، جو نیا دور کراچی کے شمارے میں شائع ہوا تھا پوری ادبی دنیا کی توجہ ان کی جانب مبذول کرا دی۔

سلیم احمد نے ریڈیو کے لیے اندازاً تین سو ڈرامے لکھے ان میں ماخوذ اور طبع زاد دونوں طرح کے ڈرامے شامل ہیں پاکستان ٹیلی ویژن کے لیے ایک طبع زاد سلسلے وار تاریخی کھیل "تعبیر" اور نسیم حجازی کے دو ناول "شاہین" اور "آخری چٹان" کی ڈرامائی تشکیل شامل ہے۔ ریڈیو فیچر، ریڈیو ٹی وی ٹاک وغیرہ اس کے علاوہ ہیں۔ انہوں نے فلموں کی کہانیاں اور مکالمے بھی تحریر کیے۔ مگر اپنی ان کمرشل تحریروں کو سلیم احمد "سیٹھ کا مال" کہا کرتے تھے اور سیٹھ یا پروڈیوسر کے کہنے پر ان میں ہر طرح کی قطع و برید کو تسلیم کر لیتے تھے لیکن اپنی ادبی کاوشوں کا وہ حد درجہ احترام کرتے اور کرلتے تھے اور اپنی کسی تحریر کی ایک سطر بھی قلمزد کرنے کو تیار نہ ہوتے تھے۔

۱۹۶۲ء میں جب وہ اپنی تنقیدی تحریروں کی بناء پر برصغیر کے ادبی حلقوں میں موضوع

Marfat.com

بحث بنے ہوئے تھے اس زمانے میں ان پر نروس بریک ڈاؤن کا پہلا حملہ ہوا۔ مشہور سرجن اور نفسیاتی و اعصابی امراض کے ماہر ڈاکٹر ذکی حسن نے ان کا علاج کیا اور وہ بہت جلد صحت یاب ہو گئے۔ ایک برس بعد دوبارہ نروس بریک ڈاؤن کا حملہ ہوا یہ حملہ اُن کے معالج کے بقول پہلے حملے سے زیادہ شدید اور ضرر رساں تھا

اپنی عمر کے آخری دِنوں میں وہ مسلسل مختلف بیماریوں کی زد میں رہے۔ والدہ کے انتقال کے بعد ان کے گہرے دوست اور بہنوئی عذیر ہاشمی کے انتقال نے انھیں جھنجھوڑ کر رکھ دیا تھا یہاں تک کہ یکم ستمبر ۱۹۸۳ء کی درمیانی رات کو وہ کسی وقت اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔

## قلمی آثار

۱۔ ادبی اقدار (مجموعہ مضامین) ناشر اردو مرکز کراچی ۱۹۵۶ء

(سلیم احمد کے اوّلین تنقیدی مجموعے میں مندرجہ ذیل مضامین شامل ہیں)

i) اکبر اور ان کا زاویۂ نظر

ii) زندگی ادب میں

iii) ادبی اقدار

iv) اردو غزل

۲۔ نئی نظم اور پورا آدمی ناشر مکتبہ نیا دور کراچی سنہ اشاعت ۱۹۶۲ء

(اس کتاب میں چار ہنگامہ خیز تنقیدی مقالات شامل ہیں)

i) نئی نظم اور پورا آدمی

ii) غزل مغل اور ہندوستان

iii) غالب اور نیا آدمی

iv) عشق اور قحطِ دمشق

۳۔ بیاض (شعری مجموعہ) ناشر دھنک پبلشرز۔ ۳۸ دیکشا چیمبرز۔ مارسٹن روڈ کراچی۔ ستمبر ۱۹۶۶ء

۴۔ غالب کون؟ غالب کے فکر و فن پر سلیم احمد کا منفرد نوعیت کا مطالعہ۔

Marfat.com

ناشر ادارہ دلبستانِ مشرق۔ کراچی سنہ اشاعت ۱۹۷۱ء

۵۔ ادھوری جدیدیت۔ ناشر سفینہ اکیڈمی کراچی سنہ اشاعت ۱۹۷۷ء
(اس کتاب میں سلیم احمد کے درج ذیل مقالات شامل ہیں)

i) ادھوری جدیدیت

ii) جدید غزل

iii) غالب کی انانیت

iv) ضربِ کلیم، شاعری یا فلسفہ

v) آزادیٔ رائے کو بھونکنے دو

vi) بڑے شہر کا شاعر

vii) آیاتِ جمال

viii) میرے خیال میں، پرچند خیالات

ix) ادب اور شعور

x) جوش اور خدا

xi) جوش اور جوش

xii) جوش اور آدمی

xiii) جوش اور عشق

xiv) جوش اور فن

۶۔ اقبال ایک شاعر، ناشر نقشِ اوّل کتاب گھر لاہور سنہ اشاعت ۱۹۷۹ء
اقبال ایک شاعر دوسرا ایڈیشن (مع حواشی زیرِ اشاعت)

۷۔ محمد حسن عسکری آدمی یا انسان ناشر مکتبہ اسلوب کراچی سنہ اشاعت ۱۹۸۲ء

۸۔ اکائی (دوسرا شعری مجموعہ) ناشر مطبوعات لاہور۔ ۶۔ ۱۔ اے
لسبت روڈ لاہور سنہ اشاعت ستمبر ۱۹۸۲ء
(اکائی کا دوسرا ایڈیشن بزمِ احباب میرٹھ کے زیرِ اہتمام سلیم احمد کے انتقال کے فوراً بعد شائع ہوا)

Marfat.com

۹۔ چراغ نیم شب (شعری مجموعہ) ناشر مکتبۂ اسلوب کراچی سنہ اشاعت ۱۹۸۵ء

۱۰۔ اسلامی نظام مسائل اور تجزیے (کالموں کا انتخاب) ناشر سلیم احمد ٹرسٹ کراچی

۱۱۔ مشرق (طویل نظم) تقریباً سات ہزار اشعار پر مشتمل (زیر طبع)

۱۲۔ آپ بیتی سلیم احمد مطبوعہ ماہنامہ اظہار کراچی۔ محکمہ اطلاعات حکومت سندھ کراچی

(متفرق مضامین)

۱۔ کچھ غزل کے بارے میں مطبوعہ ماہنامہ مشرب کراچی مئی ۱۹۵۳ء

۲۔ بولیاں (سلیم احمد کا خط بعنوان اختر انصاری اکبر آبادی۔ اس خط میں پروفیسر ممتاز حسین اور پروفیسر مجتبیٰ حسین کے ادبی نظریے سے بحث ہے) مطبوعہ ماہنامہ مشرب کراچی۔ خاص نمبر اگست ۱۹۵۳ء

۳۔ مقطع میں آپڑی ہے.... مطبوعہ ماہنامہ مشرب کراچی اکتوبر ۱۹۵۳ء

۴۔ شکست زنداں اور احتشام مطبوعہ ماہنامہ مشرب کراچی مئی ۱۹۵۴ء جون ۱۹۵۴ء

۵۔ جمیل الدین عالی، مطبوعہ مشرب خاص نمبر جولائی اگست ۱۹۵۴ء

۶۔ اردو شاعری میں جور و جفا کی روایت مطبوعہ فنون، لاہور، اگست ۱۹۷۱ء

۷۔ ابلاغ کا مسئلہ مطبوعہ فنون لاہور ستمبر ۱۹۷۱ء

۸۔ ابہام کیوں؟ مطبوعہ فنون لاہور اکتوبر، نومبر ۱۹۶۱ء

۹۔ ادھوری جدیدیت مطبوعہ فنون لاہور نومبر، دسمبر ۱۹۶۹ء

۱۰۔ محمد حسن عسکری کی میر پرستی مطبوعہ فنون لاہور اکتوبر نومبر ۱۹۷۸ء

۱۱۔ ابہام اور بازی گری مطبوعہ فنون لاہور، جنوری فروری ۱۹۷۲ء

۱۲۔ الف ہیں اور شام کا وعدہ مطبوعہ فنون لاہور جولائی اگست ۱۹۷۷ء

۱۳۔ جوش اور عشق، مطبوعہ فنون لاہور نومبر دسمبر ۱۹۶۷ء

۱۴۔ صنم سنتے ہیں.... مطبوعہ ماہنامہ سات رنگ کراچی ستمبر ۱۹۶۰ء

۱۵۔ نئی نسل مطبوعہ ماہنامہ سات رنگ کراچی دسمبر ۱۹۶۰ء

۱۶۔ کسری آدمی مطبوعہ ماہنامہ سات رنگ کراچی نومبر ۱۹۶۲ء

Marfat.com

۱۷۔ غالب اور نیا آدمی مطبوعہ ماہنامہ سات رنگ کراچی جون ۱۹۶۱ء

۱۸۔ مانو نہ مانو جانِ جہاں۔ مطبوعہ ماہنامہ سات رنگ کراچی اگست ۱۹۶۱ء

۱۹۔ ادب کیا ہے؟ مطبوعہ ہفت روزہ زندگی لاہور ۲۹ مارچ تا ۴ اپریل ۱۹۷۱ء

۲۰۔ ایک سوال مطبوعہ ہفت روزہ زندگی لاہور ۱۲ تا ۱۸ اپریل ۱۹۷۱ء

۲۱۔ پاکستانی ادب کا مسئلہ مطبوعہ سیپ کراچی شمارہ ۱۴ (اشاعتِ خاص)

۲۲۔ اسلامی ادب کا مسئلہ مطبوعہ سیپ کراچی شمارہ ۱۴ (اشاعت خاص)

۲۳۔ نئی شاعری، نامقبول شاعری (سات مضامین) مطبوعہ سیپ کراچی شمارہ ۲۷

۲۴۔ اقبال اور صدائے کن فیکوں مطبوعہ سیپ کراچی شمارہ ۳۶

۲۵۔ انسانی رشتے اور غالب سیپ خاص نمبر شمارہ ۲۸

۲۶۔ ادیب ہی نہیں مولوی بھی مطبوعہ سیپ کراچی شمارہ ۱

۲۷۔ محمد حسن عسکری انسان یا آدمی مطبوعہ سہ ماہی سیپ کراچی شمارہ ۳۸

۲۸۔ مضراب مطبوعہ سیپ کراچی شمارہ ۳۴

۲۹۔ شہزادہ سلیم وحید مراد اور انارکلی مطبوعہ سیپ کراچی (انارکلی ڈرامے پر مضمون)
شمارہ خاص نمبر ۲۰

۳۰۔ پرانا مسئلہ نیا سوال، مطبوعہ سیپ کراچی شمارہ ۴

۳۱۔ نثریے (۹ عدد بلا عنوان) مطبوعہ سیپ کراچی شمارہ ۴۳

۳۲۔ میر انیس اور کیمرہ مطبوعہ انیس نمبر رسالہ سیپ کراچی شمارہ ۲۲
فروری مارچ ۱۹۷۲ء

۳۳۔ چراغ لے کے کہاں سامنے ہوا کے چلے۔ مطبوعہ انیس نمبر سہ ماہی اردو
کراچی ناشر انجمن ترقی اردو کراچی پاکستان شمارہ ۴-۳ جلد ۴۹-۵۰ ۱۹۷۳ء

۳۴۔ ادب کا مستقبل مطبوعہ ماہِ نو جولائی ۱۹۵۸ء ناشر ادارہ مطبوعات پاکستان
پوسٹ بکس ۱۸۳، کراچی۔

۳۵۔ طرحی مشاعرے کی بات، مطبوعہ ماہِ نو کراچی جون ۱۹۷۱ء

Marfat.com

۳۶۔ روایت اور الہام، مطبوعہ ماہِ نو کراچی جولائی ۱۹۷۱ء

۳۷۔ ارادہ اور شاعری، مطبوعہ ماہِ نو کراچی اگست ۱۹۷۱ء

۳۸۔ بینگن کا بھرتہ، مطبوعہ ماہنامہ نئی قدریں حیدرآباد شمارہ ۸، ۷ جلد ۳۵۔ ۱۹۷۷ء

۳۹۔ گڈ بائی ٹو سر سید مطبوعہ ماہنامہ نئی قدریں حیدرآباد شمارہ ۶، ۵ جلد ۳۶۔ ۱۹۷۸ء

۴۰۔ نئی ہیئت کا مسئلہ مطبوعہ ماہنامہ نئی قدریں حیدرآباد شمارہ ۱۲۔۱۱ جلد ۳۸ ۱۹۷۹ء

۴۱۔ آزادی رائے کو بھونکنے دو مطبوعہ نیا دور کراچی شمارہ ۳۴۔۳۳

(یہ مضمون بعد ازاں سلیم احمد کی کتاب ادھوری جدیدیت میں شامل کیا گیا)

۴۲۔ تلاش منزل، مطبوعہ نیا دور کراچی شمارہ ۳۶۔۳۵

۴۳۔ تعلیم کا مسئلہ اور دلگداز تحریریں مطبوعہ نیا دور کراچی شمارہ ۳۶۔ ۳۵

۴۴۔ جوش اور خدا مطبوعہ نیا دور شمارہ ۴۲۔۴۱

۴۵۔ جوش اور جوش، مطبوعہ نیا دور، شمارہ ۴۴۔۴۳

۴۶۔ جوش اور آدمی، مطبوعہ نیا دور، شمارہ ۴۴۔۴۳

(۴۴ تا ۴۶: یہ مضامین ادھوری جدیدیت میں شامل ہیں)

۴۷۔ کچھ روائتی غزل کے بارے میں، مطبوعہ نیا دور شمارہ ۷۸۔ ۷۷

خاص نمبر اکتوبر مارچ ۱۹۸۳ (ساقی فاروقی کے نام ایک خط)

۴۸۔ کچھ روائتی غزل کے بارے میں مطبوعہ نیا دور شمارہ ۸۰۔ ۷۹ مارچ ۱۹۸۵ء

(ساقی فاروقی کے نام خط

۵۰۔ محمد حسن عسکری کے بارے میں (پہلا مضمون)

۵۱۔ محمد حسن عسکری کے بارے میں (دوسرا مضمون)

(۵۰، ۵۱: "معاصر" کتابی سلسلہ، شمارہ اوّل لاہور)

۵۲۔ موچی دروازے کی شاعری مطبوعہ نیا دور، کراچی شمارہ ۷۰۔ ۶۹ خاص نمبر

۵۳۔ نثریے، مطبوعہ نیا دور کراچی شمارہ ۶۸۔ ۶۷ (خاص نمبر

(یہ نثریے، سلیم احمد نے نثری شاعری کے دعویٰ کے طور پر لکھے

۵۴۔ تہذیب کا جن، مطبوعہ نیا دور۔

کراچی شمارہ ۶۶۔ ۶۵ خاص نمبر

Marfat.com

۵۵۔ اقبال اور ہند اسلامی تہذیب ، مطبوعہ نیا دور۔ کراچی شمارہ ۶۶۔۶۵
خاص نمبر انتخاب پاکستانی ادب سرسیّدین فیڈرل گورنمنٹ کالج راولپنڈی

۵۶۔ چراغ لے کے کہاں سامنے ہوا کے چلے، مطبوعہ نیا دور کراچی شمارہ ۶۴-۶۳

۵۷۔ حال سے لامساوی انسان تک ، مطبوعہ نیا دور کراچی شمارہ ۶۲ ۔ ۶۱

نوٹ :۔ ( یہ دراصل " غزل کا مستقبل " کے موضوع پر مذاکرہ ہے باحثین میں سلیم احمد کے علاوہ ڈاکٹر احسن فاروقی ، ن ۔م ۔ راشد اور وزیر آغا کے نام شامل ہیں سلیم احمد نے محولہ بالا عنوان پر اظہار خیال کیا ہے )

۵۸۔ نیا شعری افق ، مطبوعہ نیا دور ، کراچی شمارہ ۵۸ ۔ ۵۷

۵۹۔ جوش اور فن ، مطبوعہ نیا دور کراچی شمارہ ۴۸ ۔ ۴۷ ( یہ مضمون سلیم احمد کی کتاب ادھوری جدیدیت میں شامل ہے )

۶۰۔ بنیادی مسئلہ (ایک بحث ) مطبوعہ نیا دور کراچی شمارہ ۴۸ ۔ ۴۷

نوٹ :۔ ( سلیم احمد کا یہ مضمون نیا دور شمارہ ۴۰ ۔ ۳۹ کے اداریے کے حوالے سے ہے جس میں یہ سوال اٹھایا گیا تھا کہ پاکستان کا نصب العین اور غرض وغایت کیا ہے )

۶۱۔ عسکری صاحب کے بارے میں کچھ ابتدائی باتیں ، مطبوعہ کتابی سلسلہ "محراب" لاہور ۱۹۷۹ء

۶۲۔ ۱۴ ر اگست اور ہمارا نفس باطن مطبوعہ ماہنامہ اظہار ، کراچی ناشر محکمہ اطلاعات حکومت سندھ ۔اگست ۱۹۸۵ء

۶۳۔ اسلام اور مسلمانوں کی تاریخ ، مطبوعہ ماہنامہ " البلاغ " کراچی ناشر دارالعلوم کورنگی کراچی ، جولائی ۱۹۸۴ء

۶۴۔ اسلامی تہذیب ، جدید تہذیب اور ادب مطبوعہ روایت کتابی سلسلہ ۱۴۰۳ ھجری ۱۹۸۲ء۔ ناشر مکتبۃ الروایت ، پوسٹ بکس ۵۰۸۴ لاہور ۱۴

۶۵۔ قرآن مجید اسلامی فکر کا بنیادی سرچشمہ مطبوعہ روایت کتابی سلسلہ (بحوالہ سابق)

Marfat.com

٦٦۔ اقبال کا نظریۂ ثقافت ، مطبوعہ روایت کتابی سلسلہ (بحوالہ سابق)

٦٧۔ محمد حسن عسکری کے بارے میں چند باتیں، مطبوعہ روایت کتابی سلسلہ (بحوالہ سابق)

٦٨۔ اسلامی زندگی مع چھ رنگین ناچوں کے، مطبوعہ نیا دور کراچی شمارہ ٢٢، ٢١ . ناشر پاکستان کلچرل سوسائٹی کراچی ۔ ٥

٦٩۔ غزل منظر اور ہندوستان مطبوعہ نیا دور کراچی شمارہ ٢٤-٢٣

٧٠۔ نئی نظم اور پورا آدمی ، نیا دور۔ شمارہ ٢٨-٢٧

٧١۔ ادب اور شعور نیا دور شمارہ ٣٠-٢٩

٧٢۔ اقبال ایک شاعر؟ مطبوعہ رسالہ کتابی سلسلہ، ناشر مکتبہ جلیسان ادب (دیباچہ) حیدر آباد ستمبر ١٩٨٥ء

٧٣۔ ستارہ یا پرچھائیں مطبوعہ رسالہ کتابی سلسلہ، ناشر مکتبہ جلیسان ادب حیدر آباد ستمبر ١٩٨٥ء

## معاصر اہلِ قلم کے مطالعے

١۔ ن ۔م ۔ راشد مشمولہ راشد ایک مطالعہ مرتبہ ڈاکٹر جمیل جالبی ناشر مکتبہ اسلوب پوسٹ بکس نمبر ٢١١٩ کراچی ۔١٨ سنہ اشاعت ١٩٨٦ء

٢۔ رات بہت ہوا چلی (رئیس فروغ کا شعری مجموعہ) مشمولہ "رئیس فروغ برزخ کے دی آئی پی ردم میں، ناشر ادبی معیار پبلی کیشنز پوسٹ بکس ٣٢٧٨ صدر کراچی مئی ١٩٨٥ء

٣۔ چاند چہرہ ستارہ آنکھیں (عبید اللہ علیم کے شعری مجموعے کے فلیپ پر رائے) ناشر سیپ پبلی کیشنز کراچی ۔ جنوری ١٩٧٤ء

٤۔ تکلم (منظر ایوبی کا شعری مجموعہ شاعر کے بارے میں ایک نوٹ مشمولہ کتاب) ناشر شاداب اکادمی ، ٣٩٤ بلاک آئی نارتھ ناظم آباد کراچی ٣٣۔ ١٩٨١ء

٥۔ محمد حسن عسکری کی خاکہ نگاری ، مشمولہ محمد حسن عسکری کے شخصی خاکے ، مرتبہ سلیم احمد۔ مطبوعہ تخلیق ادب ( ماہنامہ اسلوب ۔کراچی ) شمارہ خصوصی جلد ٨ شمارہ ٤ ، اکتوبر ١٩٨٥ء

Marfat.com

۶۔ زیرو پوائنٹ کا شاعر (فرید جاوید کی شاعری کے بارے میں) مطبوعہ رسالہ الفاظ کراچی " فرید جاوید نمبر" پوسٹ بکس ۵۹۶، صدر کراچی۔ مارچ ۱۹۸۲ء

۷۔ میرزا یگانہ کی شاعری، مطبوعہ تخلیقی ادب (ماہنامہ اسلوب کراچی) دوسری کتاب، ناشر مکتبہ اسلوب، ۳ ڈی ۹/۲۶ ناظم آباد کراچی ۱۸

۸۔ جاذب قریشی اور اُن کی پہچان، مطبوعہ ماہنامہ قومی زبان، کراچی، ناشر انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی اکتوبر ۱۹۸۳ (یہ مضمون جاذب قریشی کے شعری مجموعے پہچان میں بھی شامل ہے)

۹۔ میر کی طرف سفر (رسا چغتائی کی شاعری کا مطالعہ) مطبوعہ ماہنامہ الفاظ کراچی فروری ۱۹۸۳ء

۱۰۔ جمیل جالبی ایک تاثر مطبوعہ رسالہ سویرا شمارہ ۵۴-۵۳ مارچ ۱۹۷۷ء

۱۱۔ جمیل الدین عالی، مطبوعہ مشرب کراچی خاص نمبر جولائی اگست ۱۹۵۴ء

۱۲۔ ترک محبت کا شاعر (حفیظ ہوشیارپوری) مطبوعہ رسالہ سیپ کراچی شمارہ ۳۱

۱۳۔ نئی دنیا کا مسافر (ناصر کاظمی) رسالہ سیپ کراچی بحوالہ سابق شمارہ ۳۱

۱۴۔ پرستش برق کی افسوس حاسں کا (جمیل الدین عالی) رسالہ سیپ کراچی بحوالہ سابق شمارہ ۳۱

۱۵۔ خطرناک شاعر (جمیل الدین عالی) رسالہ سیپ کراچی شمارہ ۳۱

۱۶۔ آشوب ذات کا شاعر (عبید اللہ علیم) سیپ کراچی شمارہ ۲۸

۱۷۔ محبوب کا شاعر (اطہر نفیس) سیپ کراچی شمارہ ۷

## شخصی خاکے

۱۔ کھرا دوست کھرا دشمن (اختر انصاری اکبر آبادی کا خاکہ) مطبوعہ ماہنامہ نئی قدریں حیدرآباد سندھ۔ شمارہ ۹-۸ ۱۹۸۰ء

۲۔ جمیل جالبی ایک تاثر مطبوعہ رسالہ سویرا لاہور شمارہ ۵۴-۵۳ مارچ ۱۹۷۷ء

Marfat.com

## تبصرے

۱۔ تین کتابیں ایک تاثر مطبوعہ ماہِ نو کراچی، نومبر ۱۹۷۱ء

(کتابیں پاکستانی کلچر، تنقید اور تجزیہ اور ایلیٹ کے مضامین از ڈاکٹر جمیل جالبی

۲۔ دشتِ وفا (احمد ندیم قاسمی) مطبوعہ نیا دور کراچی (کہانی نمبر) شمارہ ۳۲-۳۱

۳۔ میگھ ملہار (ممتاز شیریں کے افسانہ کا مجموعہ نیا دور کراچی کہانی نمبر شمارہ ۳۲-۳۱

۴۔ جدید اردو افسانہ (شہزاد منظر) مطبوعہ خیابان کتابی سلسلہ ۳ اگست ۱۹۸۲

ناشر خیابان پبلی کیشنز ڈی کے ۹۱۵ پراچہ کالونی سٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

۵۔ چار کتابوں پر تبصرے مطبوعہ ماہنامہ مشرب کراچی اپریل ۱۹۵۵ء

درج ذیل کتابوں پر تبصرے

۱. دلّی کی بپتا از شاہد احمد دہلوی

۲. اردو غزل کے پچیس سال از خلیق ابراہیم خلیق

۳. دلِ رسوا (شاعری) از اختر انصاری

۴. برگِ سبز از ابو مسلم صحافی

۶۔ تین کتابیں مطبوعہ سیپ کراچی شمارہ ۷، (درج ذیل شعری مجموعوں پر تبصرے)

۱. اکیلی بستیاں از محبوب خزاں

۲. گلِ آگہی از محب عارفی

۳. خواب نما از قمر جمیل

۷۔ اردو نامہ پر تبصرہ بہ عنوان کتابوں کی باتیں مطبوعہ سات رنگ اکتوبر ۱۹۶۰ء

## دیباچے

۱۔ ایک تھا بادشاہ۔ دیباچہ ناول " دن بھر کا تھکا ہوا پُرش از صلاح الدین پرویز

ناشر مکتبہ کارواں، ۲۳۳۔ اے بلاک ۷، فیڈرل بی ایریا کراچی طبعِ اول مارچ ۱۹۸۲ء

۲۔ پیش لفظ " من گاگر " (نگار صہبائی کے گیتوں کا مجموعہ) ناشر مکتبہ الجرید ۱۱/۱۶۱

فیڈرل بی ایریا کراچی ۳۸۔ مارچ ۱۹۸۵ء

Marfat.com

۳- پیش لفظ "بادِ سبک دست" (جوہر سعیدی کا مجموعہ کلام) ناشر جوہر سعیدی
۳.اے، ۵۸۸ لانڈھی کالونی کراچی اکتوبر ۱۹۸۱ء

۴- پیش لفظ "پہچان" (جاذب قریشی کا مجموعہ کلام) ناشر مکتبہ کامران کراچی

۵- دیباچہ "جھلکیاں" حصہ اوّل از محمد حسن عسکری ناشر مکتبہ الروایت لاہور
طبع اول سنہ طباعت ندارد

## افسانہ نگار

۱- دو آنکھیں (دائرہ ادبیہ میرٹھ کے اجلاس میں پڑھا مسودہ تلف ہوچکا ہے)

نوٹ:۔ شمیم احمد صاحب کے بیان کے مطابق سلیم احمد نے اٹھارہ بیس کہانیاں لکھیں جو سب کی سب غیر مطبوعہ ہیں اور سلیم احمد مرحوم کے بھتیجے معین صاحب کے پاس محفوظ ہیں۔

## یادگار بحث اور گفتگو

۱- شعر و ادب اور عصری تقاضے (ایک بحث) سوال کنندہ شمیم احمد
مطبوعہ فنون شمارہ ۶، ۵ ستمبر، اکتوبر ۱۹۷۰ء

۲- سلیم احمد کے گھر پر منعقد ہونے والی ایک نشست مرتبہ پانی پتی مطبوعہ "رسالہ" کتابی سلسلہ، ناشر مکتبہ جلیسان ادب حیدرآباد ستمبر ۱۹۸۵ء

## ریڈیو ڈرامے

سلیم احمد کے درج ذیل ڈراموں کی ریکارڈنگ سنٹرل پروڈکشن یونٹ پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن میں محفوظ ہیں سی پی یو کے رجسٹر برائے اندراج ڈرامے و تمثیلچے سے حوالہ نمبر بھی دیا جا رہا ہے:

| | | |
|---|---|---|
| ۱- آخر شب کا ہم سفر | حوالہ نمبر ۲ | دورانیہ ۳۰ منٹ |
| ۲- آخری ٹرین | حوالہ نمبر ۳ | " ۳۸ " |
| ۳- آئینے | " ۱۶ | " ۵۵ " ۴۷ سیکنڈ |
| ۴- البرامکہ | " ۲۰ | " ۴۵ " ۵ " |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۵۔ الٹ پھیر | حوالہ نمبر ۲۱ | دورانیہ ۴۵ منٹ ۲۶ سیکنڈ |
| ۶۔ ایسا کچھ کر چلو | " ۲۶ | " ۴۸ " ۲۷ " |
| ۷۔ جب سورج ڈھلنے لگا | " ۶۱ | " ۳۸ " |
| ۸۔ خالہ جان | " ۷۴ | " ۷۵ " |
| ۹۔ روحوں کا چکر | " ۸۸ | " ۴۵ " ۳۵ " |
| ۱۰۔ روشنی کے مسافر | " ۹۱ | " ۴۵ " ۲۶ " |
| ۱۱۔ سوال | " ۱۰۴ | " ۶۰ " |
| ۱۲۔ نئی فصل | " ۲۱۷ | " ۴۶ " ۴۵ " |
| ۱۳۔ دیوار | " ۲۶۳ | " ۲۸ " |

اب سلیم احمد کے ان ریڈیو ڈراموں کا اندراج کیا جا رہا ہے جن کے حوالے ریڈیو کے پندرہ روزہ رسالہ آہنگ کراچی کے پرانے پرچوں میں ملتے ہیں۔

۱۴۔ فرعون کی بیٹی      تاریخ نشر ۲۶ جنوری ۱۹۵۵ء حوالہ آہنگ یکم تا ۱۵ جنوری ۱۹۵۵ء

۱۵۔ مکان نمبر ۱۳ (دوستووسکی کے ناول کرائم اینڈ پنشمنٹ سے خیال ماخوذ) ۲۷ جنوری ۱۹۵۶ء (جشن تمثیل) حوالہ رسالہ آہنگ کراچی یکم تا ۱۵ جنوری ۱۹۵۶ء

۱۶۔ لالو کھیت کی ایک رات ۳۱ مارچ ۱۹۵۶ء کراچی ریڈیو آہنگ ۱۵ تا ۲۸ فروری ۱۹۵۶ء

۱۷۔ شاہراہ حیات ۷ اکتوبر ۱۹۵۶ء (کراچی ریڈیو) آہنگ ۲۲ ستمبر ۱۹۵۶ء

۱۸۔ ایڈمنڈ برک ۲۱ دسمبر ۱۹۵۶ء (حیدر آباد ریڈیو اسٹیشن) آہنگ ۱۵ دسمبر ۱۹۵۶ء

۱۹۔ خودکشی یکم ستمبر ۱۹۵۷ء (کراچی ریڈیو) آہنگ یکم تا پندرہ اگست ۱۹۵۶ء

۲۰۔ ہیبت محل (سر آرتھر کونن ڈائل کے ڈرامے ہاؤنڈ آف دی باسکرویلی سے ماخوذ)
۲۹ ستمبر ۱۹۵۷ء کراچی ریڈیو آہنگ ستمبر ۱۹۵۶ء
نشر مکرر ۲۵ اکتوبر ۱۹۵۹ء (کراچی ریڈیو) آہنگ اکتوبر ۱۹۵۹ء

۲۱۔ نغمانہ      ۲۷ اکتوبر ۱۹۵۷ء آہنگ اکتوبر ۱۹۵۷ء
۷ فروری ۱۹۵۸ء (حیدر آباد ریڈیو)

Marfat.com

۲۲۔ تیمور ۲۶ ر جنوری ۱۹۵۷ء (جشنِ تمثیل) آہنگ جنوری ۱۹۵۷ء

۲۳۔ وہ جو مر چکا تھا ۱۹ ر جنوری ۱۹۵۸ء (کراچی ریڈیو) جنوری ۱۹۵۸ء

۲۴۔ ناگن ۲ فروری ۱۹۵۸ء (کراچی ریڈیو) آہنگ ؍ ۱۹۵۸ء

۲۵۔ ایک گھر ۲۳ مارچ ۱۹۵۸ء (کراچی ریڈیو) ؍ فروری ۱۹۵۸ء

۲۶۔ جھوٹا دیوتا ۱۳ ر مارچ ۱۹۵۸ء (کراچی ریڈیو) ؍ جون ۱۹۵۸ء

۲۷۔ چنگیز خان ۳ ر اکتوبر ۱۹۵۸ء (حیدرآباد ریڈیو) آہنگ ستمبر ۱۹۵۸ء

۲۸۔ آہٹیں ۳ ر اکتوبر ۱۹۵۸ء ( ؍ ؍ ) ؍ ؍ ۱۹۵۸ء

۲۹۔ مینا ۲۲ ر فروری ۱۹۵۹ء (کراچی ریڈیو) ؍ جنوری ۱۹۵۹ء

۳۰۔ ناگن ۱۳ ر مارچ ۱۹۵۹ء ( ؍ ؍ ) حوالہ ؍ فروری ۱۹۵۹ء

۳۱۔ آہٹیں ۲۰ ر مارچ ۱۹۵۹ء ( ؍ ؍ ) ؍ ؍ مارچ ۱۹۵۹ء

۳۲۔ بابا گوریو (بالزاک کے ناول سے ماخوذ) ۴ ر اپریل ۱۹۵۹ء (ریڈیو لاہور) ؍ ؍ ۱۹۵۹ء

۳۳۔ سلطان شہید اُردو کھیل حوالہ ندارد

۳۴۔ خودکشی ، ۲۳ مئی ۱۹۵۹ء (ریڈیو لاہور) حوالہ آہنگ اپریل ۱۹۵۹ء

۳۵۔ قبرستان ، ۷ جون ۱۹۵۹ء (کراچی ریڈیو) ؍ مئی ۱۹۵۹ء

۳۶۔ کفارہ ، ۴ ر اپریل ۱۹۶۰ء ( ؍ ؍ ) ؍ مارچ ۱۹۶۰ء

۳۷۔ سقراط ، ۱۶ ر نومبر ۱۹۶۱ء (ریڈیو ڈھاکہ) ؍ اکتوبر ۱۹۶۱ء

۳۸۔ موسم اور محبت ، ۲۴ مارچ ۱۹۶۲ء (کراچی ریڈیو) ؍ مارچ ۱۹۶۲ء
(ریڈیو کے جشنِ تمثیل کا بہترین ڈراما قرار دیا گیا تھا)

۳۹۔ الٹ پھیر ، ۲ ر اپریل ۱۹۶۲ء (راولپنڈی ریڈیو) ؍ ؍ ۱۹۶۲ء

۴۰۔ دیکھا جائے گا ، ۲۰ ر جنوری ۱۹۶۳ء (کراچی ریڈیو) ؍ فروری ۱۹۶۳ء
(عظیم بیگ چغتائی کے افسانے سے ماخوذ) (جشنِ تمثیل)

۴۱۔ صیّاد (پُراسرار ڈراما) حوالہ ندارد

Marfat.com

۴۲۔ گل ہی نہ جلنے ، ۶ رجون ۱۹۶۰ء (راولپنڈی ریڈیو) حوالہ آہنگ مئی ۱۹۶۰ء

۴۳۔ ″ ″ ″ ، ۱۱ راگست ۱۹۶۰ء (کوئٹہ ریڈیو) ″ جولائی ۱۹۶۰ء

۴۴۔ التونیہ ، ۴ رستمبر ۱۹۶۰ء (کراچی ریڈیو) ″ اگست ۱۹۶۰ء

۴۵۔ نئی کرن ، ۲۷ ردسمبر ۱۹۶۰ (حیدرآباد ریڈیو) ″ نومبر ۱۹۶۰ء

(آسکر وائلڈ کے ڈرامے سے ماخوذ)

۴۶۔ الف لیلیٰ کی رات ، حوالہ نمبر ۱۲ رجسٹر ضمیمہ سنٹرل پروڈکشن یونٹ ریڈیو پاکستان ، کراچی

۴۷۔ ایک اور ایک گیارہ ، ″ ۱۵ ″ ″ ″ ″ ″ ″

(مرکزی خیال شوکت تھانوی کے ناول سے ماخوذ)

۴۸۔ فتح اُندلس ، حوالہ نمبر ۶ رجسٹر ضمیمہ سنٹرل پروڈکشن ″ ″ ″

۴۹۔ طلسمات ، حوالہ ندارد

۵۰۔ ہند کی وادی ″ ″

۵۱۔ یہ کس کی لاش ہے ″

سلیم احمد کے ڈراموں کے تراجم

۱۔ دیوار ، ریڈیو پاکستان گجراتی سروس مترجم جی اے ترمذی ، حوالہ رجسٹرڈ ڈراما سنٹرل پروڈکشن یونٹ ریڈیو پاکستان ، کراچی

۲۔ ناگن (سندھی ترجمہ) حوالہ آہنگ اپریل ۱۹۵۹ء

۳۔ سلطان شہید (″ ″) ″ ″ ″ ″

۴۔ چنگیز خان (″ ″) ″ ″ جون ″

۵۔ جھوٹا دیوتا (″ ″) ″ ″ مارچ ۱۹۶۱ء

مطبوعہ ڈرامے

۱۔ تیمور ، نیا دور۔ کراچی شمارہ ۱۴۔۱۳

۲۔ موسم اور محبت ″ ″ ″ ۳۰۔۲۹

۳۔ قبرستان ، ماہنامہ سات رنگ کراچی شمارہ مئی جون ۱۹۶۲ء

60778

Marfat.com

۴۔ گل ہی نہ جانے، نیا دور کراچی شمارہ ۲۴-۲۳

۵۔ شاعری، شوہری اور نوکری، قند (ڈراما نمبر) پشاور

ڈرامے بہ سلسلہ جنگ آزادی ۱۸۵۷ء

۱۔ زنجیریں، ۱۲ مئی ۱۹۵۷ء (کراچی ریڈیو) حوالہ آہنگ، اپریل ۱۹۵۷ء

۲۔ ۱۸۵۷ء، ۱۴ مئی ۱۹۵۷ء ( 〃 〃 ) 〃 〃 〃

۳۔ چراغ سحری، ۱۵ مئی ۱۹۵۷ء ( 〃 〃 ) 〃 〃 〃

غنائیے

۱۔ کاروان بہار، تاریخ نشر ۲ر مارچ ۱۹۵۶ء حوالہ آہنگ فروری ۱۹۵۶ء

ریڈیو فیچر

۱۔ اپنا وطن، حوالہ آہنگ کراچی۔ ۲۲ر اپریل ۱۹۵۶ء

۲۔ جہادِ زندگانی 〃 〃 ۲۲ر جولائی ۱۹۵۷ء

۳۔ روز و شب 〃 〃 ۱۶ر مئی ۱۹۵۸ء

۴۔ ننگا پربت کی مہم مطبوعہ آہنگ یکم اگست ۱۹۵۳ء

مزاحیہ تمثیلچہ

۱۔ تحلیل نفسی، سنٹرل پروڈکشن یونٹ رجسٹر حوالہ ۲۴۶ دورانیہ ۱۵ منٹ

اسٹیج ڈراما

۱۔ ۱۹۴۷ء (روایت پروفیسر شمیم احمد)

(کترک ہال کراچی میں احمد عبدالقیوم کی ڈائریکشن میں پیش کیا گیا ۱۹۵۹-۶۰)

۲۔ خالہ جان (ماخوذ) 〃 〃 〃 〃 〃

ریڈیائی تحریریں بہ عنوان "روشنی"

۱۔ عبادات و معاملات مطبوعہ کتاب "روشنی" جلد اوّل) طبع اوّل ۱۹۷۶ء ناشر پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن، شعبہ اشاعت کراچی

۲۔ توازن و اعتدال 〃 〃 〃 〃

Marfat.com

۳۔ مکافاتِ عمل، مطبوعہ کتاب "روشنی" جلد اوّل طبع اوّل ۱۹۷۶ء ناشر پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن شعبہ اشاعت، کراچی۔

۴۔ فکروعمل کی صحت " " " " "

۵۔ سچا دینی راستہ " " " " "

۶۔ امانت داری " " " " "

۷۔ جدال وقتال سے گریز " " " " "

۸۔ حضرت مجدّد الف ثانی " " " " "

۱۔ خدا پرستی اور خودنگہداری، مطبوعہ "روشنی" (منتخب نشریات) جلد دوم طبع اوّل جون ۱۹۸۵ء

۲۔ اتحاد " " " " "

۳۔ فکروعمل " " " " "

۴۔ توازن اور ہم آہنگی " " " " "

۵۔ نفاذ قانون اور عدل " " " " "

۶۔ بڑا آدمی " " " " "

۷۔ سچ " " " " "

۸۔ اِتّفاق " " " " "

۹۔ غصّے کو ضبط کرنا " " " " "

۱۰۔ حسنِ سلوک " " " " "

۱۱۔ تہذیب کی بنیاد " " " " "

۱۲۔ انسان اور کائنات " " " " "

۱۳۔ اچھی اور بُری باتیں " " " " "

۱۴۔ غصہ بُری چیز ہے۔ " " " "

۱۵۔ معاشرے میں اچھائیاں " " " " "

Marfat.com

۱۶ ۔ بُرائیاں ، مطبوعہ "روشنی" (منتخب نشریات) جلد دوم طبع اوّل جون ۱۹۸۵ء

۱۷ ۔ انسانِ کامل 〃 〃 〃 〃 〃

۱۸ ۔ تقدیر پر توکّل 〃 〃 〃 〃 〃

۱۹ ۔ تاریخ کا سبق 〃 〃 〃 〃 〃

۲۰ ۔ مکافاتِ عمل 〃 〃 〃 〃 〃

۲۱ ۔ زبان 〃 〃 〃 〃 〃

۲۲ ۔ صبر و شکر 〃 〃 〃 〃 〃

۲۳ ۔ حصولِ معاش 〃 〃 〃 〃 〃

۲۴ ۔ تفکّر 〃 〃 〃 〃 〃

۲۵ ۔ تزکیۂ نفس 〃 〃 〃 〃 〃

۲۶ ۔ خیال اور عمل 〃 〃 〃 〃 〃

۲۷ ۔ جنت کی طلب 〃 〃 〃 〃 〃

۲۸ ۔ ضمیر کیا ہے ؟ 〃 〃 〃 〃 〃

۲۹ ۔ عزتِ نفس 〃 〃 〃 〃 〃

۳۰ ۔ انسانی اعمال کی قسمیں 〃 〃 〃 〃 〃

۳۱ ۔ خوف اور لالچ 〃 〃 〃 〃 〃

## ٹیلی وژن ڈرامے

۱ ۔ تعبیر (سلسلہ وار کھیل) ۱۸۵۷ء کے جہادِ آزادی سے طبع زاد (کراچی ٹیلی وژن)
قیامِ پاکستان تک برِصغیر جنوبی ایشیا کے مسلمانوں کی جدوجہد آزادی مرکزی خیال تھا

۲ ۔ آخری چٹان ، نسیم حجازی کے ناول کی ڈرامائی تشکیل (کراچی ٹیلی وژن)

۳ ۔ چٹان ، 〃 〃 〃 〃

## بہ حیثیت کالم نویس

۱ ۔ "کہتا ہوں سچ" کے عنوان سے روزنامہ حُریت کراچی کے ادبی گزٹ میں تھوڑی

Marfat.com

مدت کالم لکھے ۱۹۶۶ء

۲۔ "روبرو" کے عنوان سے ۱۹۶۹-۷۰ء میں روزنامہ جسارت میں کالم لکھے یہ سلسلہ تقریباً آٹھ دس برس جاری رہا۔ ۱۹۶۹-۷۰ء تا ۱۹۸۱ء

۳۔ "جھلکیاں" کے عنوان سے روزنامہ حریت کراچی میں کالم تحریر کیے۔ یکم مارچ ۱۹۸۱ء تا یکم دسمبر ۱۹۸۳ء

## سلیم احمد پر تنقیدی و تحقیقی کام ایم اے کی سطح

۱۔ سلیم احمد شخصیت اور فن مقالہ از عارف محمود، نگراں پروفیسر ڈاکٹر سجاد باقر رضوی پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور سال ۸۳-۸۴ء

## سلیم احمد پر (ادبی رسائل کے خصوصی گوشے)

۱۔ سلیم احمد (خصوصی گوشہ) مطبوعہ ماہنامہ "الفاظ" کراچی مئی جون ۱۹۸۲ء

i) سلیم احمد (شخصی خاکہ) مشرف احمد 〃 〃 〃

ii) اسلامی ادب کا مسئلہ سلیم احمد 〃 〃 〃

iii) پاکستانی ادب کا مسئلہ، سلیم احمد 〃 〃 〃

iv) رسا، آخری آؤٹ سائڈر، سلیم احمد 〃 〃 〃

v) اسلامی، پاکستانی ادب (سلیم احمد کے محولہ بالا مضامین سے بحث) محمد ایوب شاہد ۱۹۸۲ء

۲۔ سلیم احمد (خصوصی گوشہ) "رسالہ کتابی سلسلہ، ناشر مکتبہ جلیسان ادب، حیدرآباد ستمبر ۱۹۸۵ء

i) شیروانی کے بٹن سے خاک لالہ و گل تک از عزیز حامد مدنی رسالہ کتابی سلسلہ ستمبر ۱۹۸۵ء

ii) سلیم احمد کی نظمیں / احمد ہمدانی، رسالہ کتابی سلسلہ، ستمبر ۱۹۵۸ء

iii) پورے آدمی کی نئی نظم / فروغ احمد 〃 〃

iv) اقبال ایک شاعر ایک مطالعہ / ڈاکٹر نجم الاسلام 〃 〃

Marfat.com

v) سلیم احمد ہماری دانش کا ایک ستون / پروفیسر انجم اعظمی کتابی سلسلہ رسالہ ستمبر ۱۹۸۵ء

vi) روائتی تہذیب اور پورا آدمی / احمد علی سید 〃 〃 〃

vii) اکائی اور سلیم احمد کی غزل / سحر انصاری 〃 〃 〃

viii) اکائی ایک مطالعہ / حسن اکبر کمال 〃 〃 〃

ix) بھائی صاحب / پروفیسر شمیم احمد 〃 〃 〃

x) ذکر اُن کا باتیں ان کی / اختر انصاری اکبر آبادی 〃 〃 〃

xi) جہانگیر کوارٹرز کا آرٹیکل / اسد محمد خاں 〃 〃 〃

xii) سلیم احمد زرد مسیحا / جاذب قریشی 〃 〃 〃

xiii) سلیم احمد کون / انور احمد زئی 〃 〃 〃

xiv) سلیم احمد کے گھر پر منعقد ہونے والی ایک نشست / ترتیب جمال پانی پتی 〃 〃 〃

xv) "روبرو" ایک پروگرام کی ریکارڈنگ / ترتیب قمر مشتاق 〃 〃 〃

xvi) مشرق (طویل نظم کا اقتباس) 〃 〃 〃

xvii) چراغ نیم شب (انتخاب) 〃 〃 〃

xviii) اکائی (انتخاب) 〃 〃 〃

xix) بیاض (انتخاب) 〃 〃 〃

xx) جوئے شیر (ڈراما) 〃 〃 〃

xxi) اقبال ایک شاعر 〃 〃 〃

(اس نام کی کتاب کا حرفِ آخر جو کتاب میں شامل نہیں ہے)

xxii) ستارہ یا پرچھائیں، کتابی سلسلہ رسالہ ستمبر ۱۹۸۵ء

سلیم احمد (معاصر تنقید میں)

۱- سلیم احمد از پروفیسر مجتبیٰ حسین مشمولہ "نیم رخ" ناشر مکتبہ عالیہ لاہور ۱۹۸۶ء (دوسرا ایڈیشن)

۲- میرے خیال میں (تنقیدی مجموعہ) انظر صدیقی، ڈھاکہ

۳- تہذیب و تخلیق (تنقیدی مضامین) ڈاکٹر سجاد باقر رضوی، لاہور

Marfat.com

۴۔ اقبال ایک شاعر (سلیم احمد کی کتاب پر تبصرہ) مبصر نظیر صدیقی مطبوعہ رسالہ اقبال شمارہ ۴، اکتوبر ۱۹۷۹ء

۵۔ بیاض (سلیم احمد کا پہلا شعری مجموعہ) مبصر فتح محمد ملک مطبوعہ فنون لاہور نومبر، دسمبر ۱۹۶۷ء

۶۔ مشرق ہار گیا (سلیم احمد کی طویل نظم کا تنقیدی جائزہ) از احمد ہمدانی کتابی سلسلہ تخلیقی ادب شمارہ ۳، مکتبہ اسلوب ناظم آباد کراچی۔

۷۔ غزل (تنقیدی مضمون) از فردوس انور قاضی، مطبوعہ رسالہ نئی قدریں "حیدر آباد" (سلور جوبلی نمبر)

۸۔ اقبال ایک مفکر، شاعر مشمولہ کتاب "ادب اور حقیقت" از پروفیسر انجم اعظمی، ناشر کراچی اشاعت گھر ۱۶/۱۱۰۸، فیڈرل بی ایریا کراچی ۱۹۷۹ء

۹۔ دو جبلتوں کی جنگ میں کلیہ بازی، پروفیسر شمیم احمد، نیا دور کراچی شمارہ ۳۰۔ ۲۹

۱۰۔ زاویۂ نظر (تنقیدی مضامین) پروفیسر شمیم احمد، روبی پبلشرز، رستم جی لین جناح روڈ کوئٹہ ۱۹۸۷ء

۱۱۔ اُدھوری جدیدیت اور سلیم احمد مشمولہ قصہ نئی شاعری کا از احمد ہمدانی سیپ پبلی کیشنز ۱۹۷۹ء

۱۲۔ پروفیسر محمد حسن عسکری مشمولہ قصہ نئی شاعری کا، احمد ہمدانی 〃 〃 〃

۱۳۔ جسم وجاں کی اکائی (سلیم احمد کی شاعری کا مطالعہ) مشمولہ "میں نے یہ جانا" جاذب قریشی ناشر انور کیف بی۔ اے، ۸۰ یوسف پلازہ فیڈرل بی ایریا کراچی ۳۸، ۱۹۸۱ء

۱۴۔ محمد حسن عسکری آدمی یا انسان، نظیر صدیقی، تخلیقی ادب کراچی کتابی سلسلہ ۱۹۸۵ء ماہنامہ اسلوب کراچی

۱۵۔ اردو تنقید کے دس سال تحسین فراقی تخلیقی ادب کراچی کتابی سلسلہ (دوسری کتاب) ۱۹۸۰ء

۱۶۔ ادبی رجحانات، محمد علی صدیقی، تخلیقی ادب کراچی 〃 〃 〃 〃

۱۷۔ جدیدیت، ردِ عمل اور سلیم احمد، شمیم احمد 〃 〃 ۱۹۸۳ء

۱۸۔ سلیم احمد اور دبستانِ فنون، جمال پانی پتی، ماہنامہ نیرنگِ خیال راولپنڈی مئی ۱۹۸۴ء

Marfat.com

۱۹۔ سلیم احمد اور ان کی عقل، نسیم سترکھی، ماہنامہ اردو ادب راولپنڈی مارچ ۱۹۸۵ء

۲۰۔ آنکھ اور چراغ (اہم شاعروں پر تنقیدی مضامین) جاذب قریشی، مکتبہ کامران ۹/۲۴۹
لیاقت آباد، کراچی، مئی ۱۹۸۱ء
(اس کتاب میں زرد مسیحا، چراغِ نیم شب، کشتیٔ نوح کا مسافر اور ایک شہرِ تعلقات
کے عنوانات سے چار مضامین شامل ہیں)

۲۱۔ ادھوری جدیدیت (ریڈیائی تبصرہ) مبصر اختر انصاری اکبرآبادی، مطبوعہ رسالہ نئی
قدریں حیدرآباد سندھ شمارہ ۳-۲، ۱۹۷۸ء

۲۲۔ حق و باطل کا معانقہ، جمال پانی پتی، نیا دور کراچی شمارہ ۔ ۷۶-۷۵

۲۳۔ جدیدیت اور جدیدیت کی ابلیسیت، جمال پانی پتی فنون لاہور شمارہ ۱۶، ۸۱-۱۹۸۰ء

۲۴۔ یہ نظمیں، ڈاکٹر جمیل جالبی (سلیم احمد کی ۲۱ نظموں کا تعارف و تبصرہ)
نیا دور کراچی، شمارہ ۵۴-۵۳

۲۵۔ اَنا کا مسافر، پروفیسر احمد علی سیّد، ماہنامہ الفاظ، کراچی جنوری ۱۹۸۳ء

۲۶۔ حرفِ بے لاگ (سلیم احمد پر نابالغ نقاب پوش کی جفائیں) جمال پانی پتی،
ہفت روزہ زندگی لاہور ۱۱ تا ۱۷/ اگست ۱۹۷۰ء

۲۷۔ جدید اردو غزل ایک مطالعہ، نظیر صدیقی، گلوب پبلشرز، اردو بازار۔ لاہور ۱۹۸۴ء

۲۸۔ سلیم احمد کے تخلیقی سفر کے بارے میں، مشمولہ "نئی تنقید" ڈاکٹر جمیل جالبی،
رائل بک کمپنی پوسٹ بکس ۷۷۳۷، کراچی ۱۹۸۵ء

۲۹۔ رئیس فروغ، ایک ناقد تنقید کی روشنی میں، کتاب "مشاہدات" وزیری پانی پتی،
ادبی معیار پبلی کیشنز پوسٹ بکس ۸۷۲۲، صدر کراچی۔ اکتوبر ۱۹۸۳ء

۳۰۔ دیباچہ اکائی (سلیم احمد کے شعری مجموعے کا دیباچہ) احمد ندیم قاسمی، مطبوعات لاہور
۶۔ اے نسبت روڈ ستمبر ۱۹۸۲ء

۳۱۔ دیباچہ چراغِ نیم شب (سلیم احمد کا شعری مجموعہ) سراج منیر، مکتبہ اسلوب کراچی
پوسٹ بکس ۲۱۱۹ کراچی۔ ۱۹۸۵ء

Marfat.com

۳۲ - سلیم احمد کی تنقید نگاری، فضل جعفری[1] ماہنامہ اردو زبان سرگودھا جنوری، فروری ۱۹۸۲ء

۳۳ - 〃 〃 اپریل، مئی 〃

۳۴ - 〃 〃 〃 〃 جولائی، اگست 〃

۳۵ - 〃 〃 〃 〃 ستمبر، اکتوبر 〃

۳۶ - 〃 〃 〃 〃 نومبر، دسمبر 〃

۳۷ - 〃 〃 〃 〃 جنوری، فروری ۱۹۸۳ء

۳۸ - نئی شاعری کے تیتر، اونٹ، بھیڑیے اور گھوڑے وغیرہ شمیم نوید، ماہنامہ ادب لطیف لاہور شمارہ ۳، ۴، ۱۹۷۹ء

## سلیم احمد سے متعلق باتیں، یادداشتیں، خاکے، تاثرات و شذرات

۱ - سلیم احمد، ڈاکٹر فرمان فتح پوری، ماہنامہ نگار پاکستان، کراچی شمارہ ۱۰، اکتوبر ۱۹۸۳ء

۲ - سلیم احمد، کتاب نصراللہ خان مشمولہ کیا قافلہ جاتا ہے، عصری مطبوعات کراچی۔

۳ - توانا شخصیت۔ سلیم احمد، نصراللہ خان، ماہنامہ فاران، کراچی ستمبر ۱۹۸۳ء

۴ - سلیم احمد، تسنیم مینائی، ماہنامہ فاران، کراچی، ستمبر ۱۹۸۳ء

۵ - محبت کے دلنواز رشتے، احمد ندیم قاسمی، ماہنامہ اظہار، کراچی، اکتوبر ۱۹۸۳ء ناشر، محکمہ اطلاعات، حکومت سندھ، کراچی

۶ - من موہنی جان کی اور توانا شخصیت، نصراللہ خان، ماہنامہ اظہار محکمہ اطلاعات، حکومت سندھ اکتوبر ۱۹۸۳ء

۷ - سلیم احمد، انتظار حسین، روزنامہ مشرق، لاہور، ۴ ستمبر ۱۹۸۳ء

۸ - تکیہ شاہ سلیم، مشرف احمد ہفت روزہ اخبار خواتین، کراچی ۱۷ ستمبر تا ۲۳ ستمبر ۱۹۸۳ء

۹ - سلیم احمد اک انجمن تھے، صلاح الدین محمد، ماہنامہ اظہار، کراچی اکتوبر ۱۹۸۳ء

۱۰ - یہ شہر آپ کو ترسے گا، طاہر مسعود، ہفت روزہ تکبیر، کراچی، ۷ ستمبر ۱۹۸۳ء

---

[1] یہ مضمون فضل جعفری کے تنقیدی مضامین کے مجموعے "زخم اور کمان" میں شائع ہو چکا ہے کتاب بھارت میں شائع ہوئی ہے

Marfat.com

۱۱۔ انٹرویو، شمیم احمد، ۱۲ فروری ۱۹۸۵ء، مشمولہ سلیم احمد شخصیت اور فن مقالہ برائے ایم۔ اے اردو، مقالہ نگار، عارف محمود، پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور (غیر مطبوعہ)

۱۲۔ تاثرات ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی 〃 〃 〃 〃

۱۳۔ سلیم احمد مشفق خواجہ 〃 〃 〃 〃

۱۴۔ سلیم احمد، پروفیسر سجاد باقر رضوی 〃 〃 〃 〃

۱۵۔ سلیم احمد، ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا 〃 〃 〃 〃

۱۶۔ سلیم احمد، احمد ہمدانی 〃 〃 〃 〃

۱۷۔ سلیم احمد، ڈاکٹر سہیل احمد خان 〃 〃 〃 〃

۱۸۔ سلیم احمد، سراج منیر 〃 〃 〃 〃

۱۹۔ بڑھ گیا اور گھر کا سناٹا، جمیل الدین عالی، ماہنامہ قومی زبان کراچی، انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی ستمبر ۱۹۸۳ء

۲۰۔ بھائی صاحب، شمیم احمد 〃 〃 〃 〃

۲۱۔ نذر سلیم احمد (نظم) ڈاکٹر اسلم فرخی 〃 〃 〃 〃

۲۲۔ شذراتی نوٹ ادارہ 〃 〃 〃 〃

۲۳۔ سلیم احمد کے لیے ایک غزل، محمد اظہار الحق فنون، لاہور ستمبر، اکتوبر ۱۹۸۴ء

۲۴۔ سلیم احمد (شخصی خاکہ) نظیر صدیقی، جریدہ کتابی سلسلہ، پشاور، موسم گرما ۱۹۸۵ء مکتبہ ارژنگ پوسٹ بکس ۳۲۳ پشاور

## سلیم احمد (انٹرویوز)

۱۔ ادب کے چند بنیادی مسائل۔ سلیم احمد سے گفتگو، اطہر نفیس ماہنامہ اظہار کراچی جنوری ۸۴ء

۲۔ ادب اور فحاشی، سلیم احمد سے گفتگو، طاہر مسعود، ماہنامہ اظہار، کراچی جنوری ۱۹۸۴ء

۳۔ سلیم احمد کے دو انٹرویو (مع حالاتِ زندگی) طاہر مسعود، مشمولہ "یہ صورت گر کچھ خوابوں کے" مکتبہ تخلیق ادب کراچی ۲۷ جنوری ۱۹۸۵ء

۴۔ آف دی ریکارڈ (سلیم احمد سے گفتگو) حسین بانو، ماہنامہ اظہار کراچی، فروری ۱۹۸۴ء

Marfat.com

سلیم احمد (ایک یادگار مراسلہ)

۱۔ مراسلہ، سلیم احمد، (اس مراسلے میں سلیم احمد نے اقبال کے ایک معترض کو جواب دیا ہے) ماہنامہ سات رنگ کراچی، جولائی ۱۹۶۲ء

خط بنام سلیم احمد


۱۔ حسن عسکری کا ایک خط بنام سلیم احمد، نیا دور، کراچی مارچ ۱۹۸۵ء

مشاعرہ موسومہ سلیم احمد

۱۔ شام سلیم احمد (ریاض سعودی عرب میں ۲۶ / مئی ۱۹۸۶ء، سلیم احمد کے نام سے موسوم ایک محفلِ مشاعرہ کی رُوداد) ماہنامہ قومی زبان، کراچی جون ۱۹۸۶ء

Marfat.com

Marfat.com



سلیم احمد

Marfat.com



سلیم احمد

Marfat.com